



# اِرشان

پہلی سے پانچویں جماعت کے لیے
مکمل اُردو سیریز

شادیہ اسلام

۵

(۶) یہ ایک سبق آموز اسلامی اور تاریخی واقعہ ہے۔ اپنے رسولِ کریم ﷺ کے بارے میں پڑھیں کہ آپ ﷺ کس قدر صابر و شاکر تھے۔ آپؐ کا کوئی واقعہ پڑھیں اور جماعت میں ایک دوسرے کو سنائیں۔

(۷) ''سبق پہیلی کھیلیں۔

- ''چھت'' کے بعد کن حروف کا اضافہ کریں گے کہ ایک عدد بن جائے گا؟
- ''مشکل'' کی ''م'' ہٹا دیں تو کون سا لفظ رہ جائے گا؟
- ''نوازا'' میں ایک نام موجود ہے۔ کون سا؟
- ''گِرد'' کی زیر ہٹا کر زبر لگا دیں تو کون سا لفظ بنے گا؟
- ''قِسم'' کی زیر ہٹا کر زبر لگا دیں تو کون سا لفظ بنے گا؟
- ''گِلہ'' کی زیر ہٹا کر ''ل'' پر (ــّـ) لگائیں تو کون سا لفظ بنے گا؟

| |
|---|
| |
| |
| |
| |
| |
| |

(۸) مندرجہ ذیل حروف، موزوں جگہوں میں لکھ کر پیرایہ مکمل کریں۔

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میں | کیوں کہ | لیکن | اور | کہ | پھر | سے | کے لیے | نے |

ساجد............ حامد دونوں دوست تھے۔ ایک روز دونوں گھر ............ کرکٹ کھیلنے ............ نکلے ............ اپنا اپنا بلّا لے جانا بُھول گئے۔ میدان.........پہنچ کر اُنھیں یاد آیا............ وہ بلّے تو لائے نہیں۔ بس ............ کیا تھا! دونوں پریشان ہو کر ایک دوسرے کو تکنے لگے ............ سب لڑکوں کے پاس اپنا اپنا بلّا تھا۔ زید............ اُنھیں اپنا بلّا دینے کا وعدہ کیا۔

(۹) ''صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے۔'' یہ ایک مشہور ضرب المثل اور حقیقت ہے۔ اسی عنوان پر کوئی کہانی یا اسلامی قصّہ لکھیں۔

(۱۰) ''ذخیرۂ الفاظ'' کی مشق کریں۔ مندرجہ ذیل ہر لفظ کے حروف بدل بدل کر نئے نئے الفاظ بنائیں، مثلاً

| | |
|---|---|
| ملازمت | ملا لازم ملازم مت |
| پابندی | |
| نامور | |
| شہرت | |
| خدمات | |
| تعلیمی | |
| بدولت | |




ہر مکالمے کے شروع اور آخر میں واوین ''ــ'' لگاتے ہیں۔ بات چیت، گفتگو اور مکالمہ لکھتے وقت واوین ضرور لگائیں۔


(۱۱) سبق میں جتنے ''مکالمے'' ہیں، چُن کر خوش خط لکھیں۔

ذخیرۂ الفاظ: کُوڑا کوڑا کیڑا کڑا کڑک کڑیل

# تصویری مشق

کُوڑا جلانا ................... ٹائر جلانا ................... جلوُس نکالنا ................... سرکاری املاک کو نقصان پہنچانا، بسیں اور گاڑیاں جلا دینا ................... عالی شان دُکانوں، دفتروں اور پلازوں کے باہر کُوڑے کے ڈھیر ................... بجلی اور گیس چوری کرنا ................... یہ سب معاشرتی جرائم ہیں۔














# مشق

(۱) مندرجہ ذیل جوابات ہیں۔ اِن کے سوالات کیا ہوں گے؟ لکھیں یا زبانی بتائیں۔

- مسافر نے یہ غلطی کی کہ ایک وحشی جانور کا بھروسا کیا۔
- شیر نے اُسے اپنی زندگی بچانے کے لیے تین قاضی مقرر کرنے کی تجویز دی۔
- مسافر نے پہلے درخت، پھر گائے اور آخر میں سڑک سے مدد کی فریاد کی۔
- گیدڑ کی سمجھ داری سے بالآخر مسافر کی جان بچی۔

(۲) کہانی آپ نے پڑھی۔ دوبارہ اور سہ بار پڑھیں اور کہانی کو ایک نیا موڑ دیں۔ اپنی پسند کی کہانی لکھیں۔

- ← اگر گیدڑ کی بجائے وہاں شیرنی آ جاتی اور شیر کو ڈانٹنے لگتی تو ...؟
- ← اگر گیدڑ کی بجائے وہاں شکاری آ جاتا اور اُس کے ہاتھ میں بندوق بھی ہوتی تو ...؟
- ← اگر گیدڑ، مسافر کی مدد کرنے سے انکار کر دیتا تو ...؟
- ← اگر مسافر عقل مندی سے کام لیتا اور پنجرے کا دروازہ نہ کھولتا تو ...؟
- ← جب شیر، پنجرے میں دوبارہ قید ہو گیا تو مسافر نے اُس سے بدلہ لینے کا سوچا۔ کیا اور کیسے ...؟

(۳) درخت، گائے اور سڑک ... تینوں کے جوابات اپنے الفاظ میں لکھیں۔

(۴) انسان واقعی دیگر مخلوقات سے بُرا سلوک کرتا ہے۔ اُن سے فائدے تو اُٹھاتا ہے مگر بدلے میں اُن کی حفاظت نہیں کرتا۔ ہمیں مندرجہ ذیل کے حقوق کا کیسے خیال رکھنا چاہیے؟ بالترتیب لکھیں یا جماعت میں زبانی بتائیں۔

(الف) درخت اور پودے　　(ب) پالتو جانور مثلاً گائے

(ج) ہمارے استعمال اور فائدے کی چیزیں مثلاً سڑکیں، گلیاں اور بازار۔

(۵) کہانی میں ایک ساتھ دو دو بار آنے والے الفاظ چُن کر خوش خط لکھیں۔ جملے زبانی بنائیں اور ایک دوسرے کو سنائیں۔

(۶) اِن الفاظ کے درمیان ی/ے کہاں لگے گی کہ ایک ایک نیا لفظ بن جائے گا؟ مثال کے طور پر: سمت سے سمیت

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ذہن | ادب | دس | کھل | حکم | قرب |
| بل | خال | پھل | نصب | عقل | بچ |
| کا | قد | سفر | قدر | رحم | چن |

(۵) ''ذخیرۂ الفاظ'' ایک نئے انداز سے سیکھیں۔ کس جملے میں کون سا لفظ موزوں رہے گا؟

| | | |
|---|---|---|
| تھکان | تھُوکنا | تھکنا |

- جا بجا........... بُری عادت ہے، یوں بیماریاں اور گندگی پھیلتی ہے۔
- چائے کی ایک پیالی دن بھر کی ........... دُور کر دیتی ہے۔
- جلد........... کمزوری کی علامت ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| جانب | جنوب | جناب |

- مشرق کس ........... ہے؟
- سمتیں چار ہیں: مشرق، مغرب، شمال اور...........۔
- ........... جنابِ عالی! میری چھٹی کی درخواست منظور کر دیں۔

| | | |
|---|---|---|
| نیک | نمک | نکما |

- دُنیا کی سب سے بڑی ........... کی کان کھیوڑہ، پاکستان میں ہے۔
- ارسلان اگرچہ ایک امیر باپ کا بیٹا ہے مگر بڑا ........... ہے۔
- اے اللہ! ہمیں ........... بنا اور نیکی کے راستے پر چلا۔

(۶) (ا) ''اسم صِفَت اور موصوف'' کی مشق کریں۔ سادہ جملہ ''صِفَت'' لکھ کر تبدیل کرنا سیکھیں۔



| | |
|---|---|
| یہ ایک ڈبّا ہے۔ | یہ لکڑی کا ڈبّا ہے۔ |
| یہ ایک کپ ہے۔ | یہ شیشے کا کپ ہے۔ |
| یہ میری ٹوپی ہے۔ | میری ٹوپی بہت گرم ہے۔ |
| یہ انگوٹھی ہے۔ | یہ ایک قیمتی انگوٹھی ہے۔ |
| یہ مچھلی ہے۔ | یہ سُنہری مچھلی ہے۔ |
| یہ ایک بستہ ہے۔ | یہ بستہ چمڑے کا ہے۔ |

(ب) ذیل میں چند ''اسمائے صفت'' دیے جا رہے ہیں۔ انھیں ذہن میں رکھتے ہیں خاسن کے بیٹے کے بارے میں ایک پیرایہ لکھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فرماں بردار | محنتی | ایمان دار | نیک | بھلا مانس | ہم درد |

(۷) ''مکالمہ'' کسے کہتے ہیں؟ رکشے والے اور سپاہی کے درمیان مکالمہ لکھیں۔ ایک بچہ رکشے والا اور دوسرا سپاہی بن جائے۔ جو گفتگو وہ کریں، جماعت کے باقی بچے اُسے لکھیں۔

(۸) خاسن کے بیٹے نے شہر جا کر تمام اشرفیاں، غریبوں میں بانٹ دیں۔ اُن میں سے ایک اشرفی کی ''آپ بیتی'' مندرجہ ذیل نکات کے مطابق لکھیں۔

کئی سو سال پہلے ایک بادشاہ نے ہمیں زمین میں دبا دیا تھا........... وہاں گہرا اندھیرا اور گرمی تھی........... ایک دن،

ذخیرۂ الفاظ: چار چار دیواری چہارم چہلم چیک چمک

# تصویری مشق




(۱) یہ کتاب ۱۰۰ صفحات کی ہے۔ ہر صفحے پر ایک اُردو عدد موجود ہے۔ تمام بچے اپنی اپنی کتاب کھول کر سامنے رکھیں، صفحات پلٹتے جائیں اور اُونچی آواز میں، دُرست تلفظ سے مل کر پڑھیں اور گنتی زبانی یاد کریں۔

**ذخیرۂ الفاظ:** جاگیر — جاگیردار — جگر — جگرگوشہ — جگنو — جگالی

# چڑیوں کی شکایت

چڑیوں نے بے طرح ستایا ہے  میرے کمرے کو گھر بنایا ہے
چھت پہ اُن کو جہاں ملی ہے جگہ  اِک نہ اِک گھونسلا بنایا ہے
عین میرے پلنگ کے اُوپر  ہے جو حصہ، وہ اُن کو بھایا ہے
تار بجلی کا ہے جو چھت پہ لگا  وہ تو میراث ہی میں پایا ہے
کوئی کھونٹی ہو، طاق ہو، دَر ہو  اُن کی جاگیر میں وہ آیا ہے
سر پہ بیٹوں کا مینہ برستا ہے  بے ڈھب ایسا یہ ابر چھایا ہے

